## سوال

پینٹ کے ساتھ جڑی ہوئی جرابوں پر مسح کرنے کا کیا حکم ہے ؟ نیز کیا انہیں پہننا ٹخنوں سے نیچے لباس رکھنے کے زمرے میں آئے گا ؟

## جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے ، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر ، بعد ازاں :

اگر جرابیں ٹخنوں کو ڈھانپتی ہوں تو جرابوں پر مسح کرنا جائز ہے ، بشرطیکہ انہیں پاؤں دھونے کے بعد مکمل وضو کر کے پہنا ہو ، یعنی بعد میں وضو کرنا پڑے تو پاؤں دھونے کی بجائے جرابوں پر مسح کر لے ۔

جرابوں پر مسح کرنے کی شرائط اور طریقہ کار جاننے کے لئے آپ سوال نمبر : ( 12796 ) اور ( 9640 ) کا جواب ملاحظہ کریں ۔

اگر جرابیں پتلون کے ساتھ ہی جڑی ہوئی ہوں تو یہ ٹخنوں سے نیچے شلوار یا کپڑا رکھنے کے زمرے میں نہیں آئے گا ۔

واللہ اعلم

الاسلام سوال و جواب

**309691**